# تلنگانہ ریاستی اُردو اکیڈیمی

## محکمہ اقلیتی بہبود، حکومت تلنگانہ

# کارکردگی اور کارنامے

تلنگانہ ریاستی اُردو اکیڈیمی کے زیر اہتمام جناب ڈاکٹر محمد رحیم الدین انصاری صاحب صدرنشین تلنگانہ ریاستی اُردو اکیڈیمی کی سرپرستی میں سال 2020 میں کئی اسکیمات اور پروگرامس پر عمل آوری کی گئی۔ ان کاموں کی مختصر رپورٹ حسب ذیل ہے:

- ☆ تلنگانہ ریاستی اُردو اکیڈیمی کی بورڈ میٹنگ 30 جنوری 2020 کو منعقد ہوئی، جس میں ضروری قراردادیں منظور کی گئیں۔
- ☆ ڈگری کی نصابی کتابوں کی تیاری کے کام کا آغاز کیا گیا۔ تمام 3 سالوں (6 میقاتوں) کی جملہ 9 کتابیں (سیاسیات، معاشیات اور تاریخ) کی نصابی کتابیں طباعت کے لئے تلگو اکیڈیمی روانہ کردی گئیں۔
- ☆ 2 جون 2020 کو صدرنشین تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کے ہاتھوں اُردو اکیڈیمی کی ویب سائٹ کی تنصیب عمل میں لائی گئی۔
- ☆ تلنگانہ ریاستی اُردو اکیڈیمی کا لوگو تیار کیا گیا اور حکومت سے اس کی توثیق کے بعد اس کے رجسٹریشن کے لئے رجسٹرار آف کاپی رائٹ محکمہ فروغ صنعت و داخلی تجارت، حکومت ہند کو روانہ کیا گیا۔
- ☆ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن کے اردو اسپیشل آفیسرس اور اسکول ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ حکومت تلنگانہ کے ساتھ 27/ جنوری 2020ء کو صدرنشین تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کی سرپرستی میں ایک اجلاس منعقد کیا گیا جس میں اردو میڈیم طلبہ اور اردو میڈیم مدارس کو درپیش مسائل پر گفتگو ہوئی اور ان مسائل کے حل کا لائحہ عمل تیار کیا گیا۔
- ☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کی جاری اسکیمات کے بہتر نفاذ کے سلسلہ میں ایک لائحہ عمل تیار کرنے ماہرین پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی گئی۔
- ☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کے زیر اہتمام 18۔ اگست 2020 کو ''عصر حاضر میں اُردو زبان وادب کا فروغ۔ مسائل وامکانات'' کے عنوان پر ایک قومی ویبینار منعقد ہوا، اس قومی ویبینار میں اساتذہ، اسکالرس و ماہرین نے مختلف ذیلی عنوانات پر اپنے مقالے پیش کئے۔ ادبی حلقوں، محبان اردو اور صحافت کی جانب سے اس پروگرام کی پذیرائی کی گئی۔
- ☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کے زیر اہتمام بچوں کے رسالے ''روشن ستارے'' کے لئے رجسٹرار آف نیوز پیپرس فار انڈیا (آر این آئی) نیو دہلی سے رجسٹریشن کروایا گیا اور اس کے ساتھ ہی بچوں کا ''ماہنامہ روشن ستارے'' کی باقاعدہ اشاعت شروع ہوگئی۔ اس رسالے کی اشاعت پر ہر طرف سے تعریفی پیامات وصول ہو رہے ہیں۔
- ☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی اور مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے اشتراک سے ریاست تلنگانہ کے اُردو اساتذہ کی تربیت کے لئے پانچ روزہ آن لائن کورس رکھا گیا جو نہایت کامیاب رہا۔ ریاست بھر سے قریب 800 اساتذہ نے ان تربیتی کلاسس میں شرکت کی۔
- ☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کے زیر اہتمام ''مختصر مدتی آن لائن اردو بنیادی کورس'' کا اہتمام کیا گیا، اس کورس کے بھی مثبت نتائج برآمد ہوئے۔
- ☆ سماجی وسائنسی علوم کے لئے اردو میں فرہنگ اصطلاحات کی اشاعت کے سلسلہ میں C.S.T.T وزارتِ انسانی وسائل حکومت ہند کو تجاویز روانہ کی گئی ہیں، جیسے ہی وہاں سے مثبت جواب آئے گا اس سلسلہ میں کارروائی شروع کی جائے گی۔

☆ عثمانیہ یونیورسٹی کے اشتراک سے چھ ماہی اردو سرٹیفکیٹ کورس کے آغاز کے لئے عثمانیہ یونیورسٹی کے ارباب مجاز سے گفتگو جاری ہے' جیسے ہی یونیورسٹی سے مثبت اقدام ہوگا' یہ کورس بھی شروع ہوجائے گا۔اس کورس سے غیر اردو داں طلبہ مستفید ہوسکتے ہیں۔

☆ تلنگانہ ریاستی اُردو اکیڈیمی اور ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اوپن یونیورسٹی کے تعاون سے چھ ماہی انگلش اردو ٹرانسلیشن کورس اور چھ ماہی کیلی گرافی کورس کے آغاز کے سلسلہ میں کارروائی جاری ہے' امید ہے کہ بہت جلد ان کورسس کا آغاز ہوجائے گا۔

☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کی اسکیم''کارنامہ حیات ایوارڈ'' کے لئے درخواستیں وصول ہوئی ہیں' اس ضمن میں عوامی حلقوں سے ہائی کورٹ سے Stay حاصل کیا گیا تھا' جس کی منسوخی کے لئے ہائی کورٹ میں درخواست داخل کی جاچکی ہے۔جیسے ہی Stay منسوخ ہوگا' اس اسکیم پر عمل آوری ہوگی۔

☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کی جانب سے ہر سال اردو مصنفین' شعراء' ادبا' صحافیوں اور نثر نگاروں کی مطبوعہ تخلیقات پر''مطبوعات پر انعامات''اسکیم کے تحت زمرہ واری انعامات دیے جاتے ہیں۔اس ضمن میں سال 2017 کی مطبوعات پر انعامات دیے جاچکے ہیں اور سال 2018 کی مطبوعات پر انعامات کی کارروائی تکمیل کو پہنچ چکی ہے۔امید ہے کہ بہت جلد سال 2018 کی مطبوعات پر انعامات جاری کردیے جائیں گے۔

☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کے زیر اہتمام ہر سال اردو مصنفین' ادبا' شعراء' صحافیوں اور نثر نگاروں کو ان کی تخلیقات کی طباعت کے لئے جزوی مالی اعانت دی جاتی ہے۔یہ رقم دو اقساط میں ادا کی جاتی ہے۔پہلی قسط مسودات کی منظوری کے بعد اور دوسری قسط مطبوعہ کتاب کی آٹھ کاپیاں داخل کرنے کے بعد ادا کی جاتی ہے۔اس ضمن میں سال 19-2018 کے لئے منظورہ مسودات کی جزوی مالی اعانت کے سلسلہ میں پہلی قسط کی ادائیگی کا کام جاری ہے۔

☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کی اسکیم''بیسٹ اُردو ٹیچر ایوارڈ'' برائے سال 20-2019 کے لئے درخواستیں وصول ہوچکی ہیں' اس سلسلہ میں کارروائی جاری ہے۔

☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کی اسکیم''بیسٹ اُردو اسٹوڈنٹ ایوارڈ'' برائے سال 19-2018 کی تکمیل کردی گئی ہے۔

☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کے زیر اہتمام''قومی تعلیمی پالیسی 2020۔اُردو کی اہمیت اور اکیڈیمیز کے رول'' پر اردو ماہرین تعلیم' دانشوران اور اسکالرس کے ساتھ عنقریب ایک سیمنار یا مباحثہ منعقد کرنے کی تجویز ہے۔

☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی اور قومی کونسل برائے فروغ اُردو زبان' وزارت فروغ انسانی وسائل' حکومت ہند کے اشتراک سے اُردو صحافیوں اور ریسرچ اسکالرس کا سہ روزہ آن لائن ورک شاپ منعقد کرنے کی تجویز ہے' اس سلسلہ میں قومی کونسل نئی دہلی سے مشاورت جاری ہے۔امید کہ بہت جلد اس سلسلہ میں منظوری حاصل ہوجائے گی۔

☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کی جانب سے ریاست میں قائم کئی اردو گھر شادی خانوں کا دورہ کیا گیا اور ان شادی خانوں میں کام کاج کا جائزہ لے کر ایک مسودہ پالیسی تیار کی گئی جو توثیق اور منظوری کے لئے حکومت کو روانہ کی گئی۔ اس کے علاوہ ریاست میں موجود جملہ (234) اردو گھر شادی خانوں کے لئے ضروری سفارشات کے ساتھ تفصیلی رپورٹ حکومت کو روانہ کی گئی۔

☆ تلنگانہ ریاستی اُردو اکیڈیمی کے اسٹاف کی تربیت کے لئے عنقریب دو روزہ اورینٹیشن پروگرام رکھا جائے گا۔

☆ تلنگانہ ریاستی اُردو اکیڈیمی میں ای۔آفس کے نظام کے نفاذ کے لئے ضروری اقدامات کئے جارہے ہیں۔

☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کے زیر اہتمام شائع ہونے والے ادبی رسالے ماہنامہ قومی زبان اور بچوں کے رسالے ماہنامہ روشن ستارے کی رکنیت سازی کے سلسلہ میں جناب ڈاکٹر محمد رحیم الدین انصاری صدر نشین تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی کی ہدایت پر شہر حیدرآباد میں 5 اکتوبر 2020 تا 23 اکتوبر 2020 تین مقامات حج ہاؤز نامپلی حیدرآباد' اردو مسکن خلوت حیدرآباد اور نزد عزیزیہ مسجد مہدی پٹنم حیدرآباد میں رکنیت سازی کیمپ لگائے گئے جہاں محبان اردو کی کثیر تعداد نے ان رسالوں کی سالانہ رکنیت حاصل کی۔بعد میں اس مہم کو اضلاع تک وسعت دی گئی اور 17 نومبر 2020 کو''کاروان اردو'' کے عنوان کے تحت دونوں رسالوں کی خریداری اور اردو اکیڈیمی کی دیگر اسکیمات کی تشہیر کے لئے صدر دفتر سے اردو اساتذہ اور ماہرین کی سرکردگی میں (6) ٹیموں نے تلنگانہ کے 9 متحدہ اضلاع عادل آباد' کریم نگر' کھمم' ورنگل' نظام آباد' میدک' محبوب نگر' نلگنڈہ اور رنگاریڈی کا ایک روزہ دورہ کیا' جہاں بڑی تعداد میں

محبان اردو نے کاروان اردو کا استقبال کیا اور کافی تعداد میں ان دو رسالوں کے خریدار بنے۔

☆ تلنگانہ ریاستی اُردو اکیڈیمی کے زیر اہتمام فن شاعری سے دلچسپی رکھنے والے احباب اور طلبہ کے لئے 23۔نومبر 2020 تا 29۔نومبر 2020 آف لائن و آن لائن مختصر مدتی عروض دانی پروگرام رکھا گیا، جس کی علمی، ادبی اور شعری حلقوں سے خوب پذیرائی کی گئی۔اس تربیتی پروگرام کے لئے تقریباً (58) افراد نے (جن میں نوآموز شعراء اور طلبہ شامل تھے) اپنا رجسٹریشن کروایا اور سات روزہ آف لائن و آن لائن تربیتی پروگرام میں شریک رہے۔

☆ تلنگانہ ریاستی اُردو اکیڈیمی کی جانب سے ریاست تلنگانہ کے اردو شاعروں، ادیبوں، صحافیوں اور مصنفین کی ڈائرکٹری شائع کی گئی۔اس ڈائرکٹری میں اُردو شعراء، ادبا، صحافیوں اور مصنفین کے حروف تہجی کے حساب سے اصل اور قلمی نام، ان کے مختصر کوائف، مستقل اور عارضی رہائشی پتے و دیگر تفصیلات درج کی گئی ہیں۔جس سے ان کا عوام سے بہت آسانی سے ربط ہوسکتا ہے اور ان کے بارے میں تمام تفصیلات بھی دستیاب ہوسکتی ہیں۔اس ڈائرکٹری کے لئے ISBN No. 9781715526740 حاصل کیا گیا ہے۔8۔ڈسمبر 2020 کو اس کتاب کی رسم اجراء صدرنشین اردو اکیڈیمی جناب ڈاکٹر محمد رحیم الدین انصاری صاحب کے ہاتھوں انجام پائی۔

☆ تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈیمی نے اُردو زبان سے نابلد افراد کو اُردو سکھانے کے لئے ایک جامع کتاب ''دروسِ اُردو'' کے نام سے شائع کی ہے۔اس کتاب میں مبتدئین اور انگریزی ذریعہ تعلیم کے طلبہ کی آسانی کے لئے مشکل عبارات اور الفاظ کو انگریزی میں لکھا گیا ہے۔14۔ڈسمبر 2020 کو اس کتاب کی رسم اجراء صدرنشین اردو اکیڈیمی جناب ڈاکٹر محمد رحیم الدین انصاری صاحب کے ہاتھوں انجام پائی۔

☆ تلنگانہ ریاستی اُردو اکیڈیمی کے زیر اہتمام آصف سابع نواب میر عثمان علی خان بہادر کے علمی، عوامی و سماجی کارناموں کو خراج پیش کرنے ''شوکتِ عثمانیہ'' کے عنوان سے ایک نادر، جاذب نظر اور معلوماتی، باتصویر دستاویزی کتاب شائع کی گئی ہے، جس کے لئے ISB نمبر 9781715541705 حاصل کیا گیا ہے۔اس مجلّہ میں نامور دانشوران، ماہر مورخین ادبا اور اسکالرس کے معیاری مضامین شائع کئے گئے ہیں۔

☆ تلنگانہ ریاستی اُردو اکیڈیمی ریاست تلنگانہ سے تعلق رکھنے والی معروف علمی و ادبی شخصیات جنہوں نے مختلف شعبوں تحقیق و تنقید، شاعری، نثر اور سماجی خدمات میں نمایاں حصہ لیا ہے، ان کی سوانح شائع کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔اس سلسلہ میں کارروائی جاری ہے۔

ڈاکٹر محمد رحیم الدین انصاری
صدرنشین

ڈاکٹر محمد غوث
ڈائرکٹر / سکریٹری